کے خلاف اعتراضات اور حملوں کی جو جنگ چھیڑ رکھی تھی، اُس کا دلیل سے جواب اپنی مختصر کتاب میں محمد موسیٰ بھٹو صاحب نے دیا ہے۔ کتاب میں عنوان بہ عنوان ان کی چھیڑی ہوئی بحثیں مختصر ہونے کے باوجود مفید اور مؤثر ہیں۔

نقوشِ سیرت | از جناب حکیم محمد سعید۔ ہمدرد فاؤنڈیشن پریس۔ ناظم آباد کراچی۔
پانچ مختصر کتابوں کا سیٹ ایک ڈبے میں بند۔ قیمت فی کتاب ۵/- روپے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ پاک کے متعلق حسب ذیل عنوانات پر یہ کتاب لکھی گئی ہے۔ ۱۔ سب کے پیارے ۲۔ اللہ سے محبت ۳۔ اچھے اخلاق ۴۔ صحابہؓ کی تربیت ۵۔ مبارک ہستی۔

معلومات مستند، زبان سلیس و پاکیزہ، مقصد عوام، خصوصاً بچوں کی ذہنی و اخلاقی تربیت۔ یہ سیٹ پڑھنے کے علاوہ احباب، عزیز، خواتین اور بچوں کو بطور تحفہ یا انعام دینے کے لیے بہت موزوں ہے۔

عصرِ حاضر اور اسلام کا نظامِ قانون | از ڈاکٹر محمد امین۔ ناشر: ادارہ ترجمان القرآن (پرائیویٹ) لمیٹڈ لاہور۔ کمپیوٹری طباعت۔ صفحات: ۲۷۳۔ قیمت ۶۰/- روپے

یہ موضوع ڈاکٹر صاحب کا خاص میدانِ تگ و تاز ہے۔ ان کے اس جامع مقالے میں مفید معلومات بھی ہیں۔ ص ۶ پر شریعت اور فقہ کی تفریق کا جو قصہ انہوں نے چھیڑا ہے، اس کا ایک جز حقیقت کے قریب ہے، مگر دوسری طرف حضورؐ کا یہ ارشاد کہ من اطاع ۲ میری فقد اطاعنی ومن اطاعنی فقد اطاع اللہ۔ اگر پوری طرح نگاہوں میں رہے تو نظمِ قانون کی CHAIN مکمل ہو جاتی ہے۔ ورنہ نظام اگر چل رہا ہو تو کوئی یہ نہیں کہہ سکتا کہ میں نصوص کو تو مانوں گا، مگر اس کی تعبیرات کو نہیں، نیز کسی خلیفہ راشد یا اُس کی مجلس شوریٰ یا اُس کے عاملوں یا ان کے ججوں کے اجتہادات یا تفقہات کو قبول نہیں کروں۔ جی نہیں، آپ کو ٹریفک رولز اور ریگو

لگانے کے اصول تک مانتے ہوں گے۔ اور ان کی اسلامی نظام میں پابندی پر بھی ویسا ہی ثواب ہوگا جیسا کسی صدقہ و نفل کا ہے، جب کہ ترک معصیت ہوگی۔ ورنہ نتیجہ انارکی ہے۔ ص ۹ پر اجتہاد کی اہمیت خود ہی واضح کر دی (اور اجتہادی فیصلے محض سفارشات نہ ہوں گے۔ ص ۹۳)۔ (ص ۱۳۹ ضرور پڑھ لیا جائے کیونکہ ڈاکٹر صاحب کا رہوارِ فکر اب کسی اور طرف جولانیاں دکھا رہا ہے۔ مواقع بحث و اختلافات بہت ہیں اور ایسے موضوعات کا یہی تقاضا ہے، مگر مطبوعات کے صفحات اجازت نہیں دیتے۔

مبادی الاسلام۔ دینیات | از سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ۔ انٹرنیشنل اسلامک فیڈریشن آف سٹوڈنٹس آرگنائزیشنز۔ طبع کویت۔ قیمت درج نہیں۔

روزہ اور اس کی حقیقت | از شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ۔ ناشر: ادارہ علمی تحقیقات وافتاء و دعوت وارشاد۔ ریاض، سعودی عرب۔ کاغذ، طباعت، سرورق عمدہ۔ ص ۱۴۶۔ مفت تقسیم۔